نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

23 ِمئی 2011ء

برائے فوری اجراء

106/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے کراچی میں نیول بیس پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد(23 ِمئی 2011ء)___ پاکستان میں امریکی سفارتخانہ نے کراچی میں پاکستان نیول سٹیشن (پی این ایس) مہران پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی ہے، جس میں متعدد فوجی اور امدادی اہلکاروں کے جاں بحق اور زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔

ہماری ہمدردیاں اور دعائیں ان افراد کے ساتھ ہیں جو اس بہیمانہ حملے میں متاثر ہوئے۔ ہم پاکستانی عوام کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور انکی بہادر افواج کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ہیں۔

دہشت گردوں کی جانب سے پاکستان پر مسلسل حملے جاری ہیں۔ امریکہ نے پاکستان میں تشدد آمیز انتہا پسندی سے نبرد آزما ہونے اور اس حملے کے مرتکب افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کیلئے پاکستان کے ساتھ مل کر کوششیں کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://islamabad.usembassy.gov